© rasailojaraid.com



نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیش کیا ہے۔ پھر اقوالِ صحابہ اور سلفِ صالحین سے استدلال کیا ہے، بعد ازاں مذاہبِ اربعہ اور صوفیا کے نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے۔ اس ضمن میں اس موضوع سے متعلق اور بھی بہت سے مباحث سے تعرض کیا ہے۔ ساڑھے چار سو صفحات میں پھیلے ہوئے یہ مباحث اس مسئلے میں فیصلہ کن حیثیت رکھتے ہیں۔

ترجمہ شستہ اور رواں ہے۔ ہمارے لائقِ احترام قارئین کو اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہیے۔

## قرآنِ مجید کے فنی محاسن

تصنیف : سید قطب شہید

ترجمہ : پروفیسر غلام احمد حریری

ناشر : فیصل ریسرچ سینٹر، جھنگ بازار، فیصل آباد

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد، سرورق، دیدہ زیب۔ صفحات ۳۸۲، قیمت ۳۶ روپے

قرآنِ مجید وہ افسردہ نور اور منبع ہدایت ہے، جس کی بے شمار تفسیریں لکھی گئیں اور دنیا کی بہت سی زبانوں میں لکھی گئیں۔ پھر قرآن کے عالموں نے اس کی مختلف سورتوں کی الگ الگ تشریح کی، اس کے اسلوبِ بیان اور اندازِ خطاب کی صراحت کی، اس کے ادبی پہلوؤں کو منقح کیا اور اس کی فصاحت و بلاغت پر کتابیں تصنیف کیں، اس کے قصص و واقعات کو نکھارا، اس کے مضامین وضاحت سے بیان کیے، اس کے علوم کو ہدفِ موضوع ٹھہرایا، اس کے اعجاز و ایجاز پر اظہارِ خیال کیا، اس کے فضائل پر کتابیں لکھیں اور اس کے فنی گوشوں کو اجاگر کیا، یعنی قرآن سے متعلق کوئی گوشہ ایسا نہیں، جس پر علما نے دادِ تحقیق نہ دی ہو۔ اس کے الفاظ، حروف، آیات، حتّٰی کہ اعراب تک کی وضاحت کر دی۔ جس درجہ اعتنا اس کتاب ہدیٰ سے کیا گیا ہے، اور کسی کتاب سے نہیں کیا گیا۔

زیرِ نظر کتاب "قرآنِ مجید کے فنی محاسن" اسی سلسلۂ زریں کی ایک خوب صورت کڑی ہے۔ دراصل یہ عالمِ عرب کے نامور عالم و مفسر سید قطب شہید کی ایک کتاب کا اردو ترجمہ ہے۔ انھوں نے "التصویر الفنی فی القرآن" کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی، جو اپنے موضوع کی لائقِ تحسین کتاب ہے۔ پروفیسر غلام احمد حریری نے اس کو اردو کا جامہ پہنایا۔

پروفیسر غلام احمد حریری ہمارے ملک کے ممتاز عالم اور معروف صاحبِ قلم ہیں۔ بہت مخلص،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیکھیے اور مرنجاں مرنج عالم ہیں۔ انھوں نے کئی کتابیں تصنیف کیں اور متعدد عربی کتابوں کو اردو میں منتقل کیا۔ عربی اور اردو دونوں زبانوں میں انھیں عبور حاصل ہے اور جس مترجم اور مصنف میں یہ خوبی پائی جائے، وہ اظہارِ مدعا میں کامیاب ہے، اور حریری صاحب اس صفت سے متصف ہیں۔

یہ کتاب اپنے موضوع میں نہایت اچھی کتاب ہے، اس میں قرآنِ مجید کے تمام محاسن جامعیت اور عمدگی کے ساتھ بیان کر دیے گئے ہیں، اس کا اسلوبِ بیان، فصاحت و بلاعت، لسانی خوبیاں، امم سابقہ کے واقعات، تنذیر و تبشیر، سرکش و متبرک لوگوں کا نفسیاتی تجزیہ، فرماں برداروں کا تذکرہ اور نہج کلام، پیغمبرانہ طریقِ دعوت، مال و متاعِ دنیا اور عقبیٰ و آخرت کے مناظر، غرض قرآن کا ہر پہلو اس کتاب کی زینت ہے۔

ترجمہ شگفتہ، سلیس اور عام فہم ہے۔ شستگی، روانی، ادبیت، سب خوبیاں اس میں پائی جاتی ہیں —— آغازِ کتاب میں فاضل مترجم نے اپنے مختصر حالاتِ زندگی بیان کیے ہیں جو دلچسپ بھی ہیں اور معلوماتی بھی۔! ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کن کٹھن مراحل سے گزرتے ہوئے، اس مقام پر پہنچے ہیں جو اللہ نے انھیں عطا فرمایا ہے۔ ہم اپنے کرم فرماؤں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کریں گے، یہ کتاب قرآنِ مجید سے متعلق ان کے معلومات میں یقیناً اضافے کا موجب ہوگی۔

## مثنوی جمالِ محمدؐ

از : سید شمس الحق بخاری شمس

ناشر : ادارۂ اشاعت تفسیرِ صدیقی۔ ۲ یو، بی، ایل اپارٹمنٹس، کلفٹن، کراچی

بہترین کاغذ، شان دار کتابت، عمدہ طباعت، خوب صورت جلد

صفحات ۱۸۲ - قیمت درج نہیں۔

حضورؐ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کے بارے میں جو کچھ بھی لکھا جائے ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ حضرات جنھوں نے آپ کی سیرتِ طیبہ کو موضوعِ نگارش بنایا، آپ کے احوال و سوانح ضبطِ تحریر میں لائے اور اس مقدس ترین ہستی کے واقعات کو قلم بند کرنے کا عز... نعتیں کہیں اور نظم و نثر میں آپ کے فضائل و مناقب بیان کیے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی بلند تر...

© rasailojaraid.com